اپنے گھر میں توانائی بچائیں

باورچی خانہ میں توانائی بچائیں

- کام کے لئے ہمیشہ صحیح سائز کے پین کا استعمال کریں اور ہر ایک پین کے لئے صحیح ہوب رنگ کا استعمال کریں۔
- جتنا زیادہ ممکن ہو اوون کا دروازہ بند رکھیں اور اس بات کو یقینی بنائیں کہ شیشے کا دروازہ صاف ہو تاکہ آپ دیکھ سکیں کہ کیا ہو رہا ہے۔
- گرم کھانے کی اشیاء کو فریج میں رکھنے سے پہلے ٹھنڈی ہونے دیں۔

کپڑوں کی دھلائی سے متعلق تجاویز

- ٹمبل ڈرائر میں ڈالنے سے پہلے واشنگ مشین کی اعلی ترین سپن سائیکل پر اپنے کپڑوں کو گھمائیں۔
- اعلی درجۂ حرارت کی بجائے 30 ڈگری پر کپڑے دھونے سے سالانہ توانائی کی کھپت میں تقریبا 40% کی بچت ہوگی۔ جدید واشنگ پاؤڈر اور ڈٹرجنٹس کم درجۂ حرارت پر بھی ویسے ہی مؤثر طریقے سے کام کرتے ہیں۔
- انتظار کریں یہاں تک کہ آپ کے پاس دھونے کے لئے مکمل لوڈ ہو جائے۔
- استعمال کرنے کے بعد کپڑوں کو ہوا میں لٹکا کر غیر ضروری واشنگ کم سے کم کرنے کی کوشش کریں۔ اس طرح آپ ہر آئٹم کو دھونے سے پہلے زیادہ سے زیادہ استعمال کر سکتے ہیں۔

غسل خانہ میں

- فوری شاور لینے سے نہانے کے مقابلہ میں کم توانائی خرچ ہوگی۔
- جانچ کریں کہ باتھ روم سے تکثیف اور بدبو کو باہر نکالنے کے لئے آپ کا پنکھا صرف اتنی ہی دیر چلنے کے لئے سیٹ ہے جتنی دیر تک چلنے کی ضرورت ہے۔
- یہ جاننے میں اپنی مدد کرنے کے لئے کہ آپ نے شاور لینے میں کتنا وقت لگایا ہے، ایک شاور ٹائمر پر خرچ کریں – مختصر شاور لینے سے کم توانائی خرچ ہوتی ہے!
- اپنے دانتوں میں برش کرتے وقت، اپنے چہرے کا شیو بناتے وقت یا اسے دھوتے وقت ٹوٹیوں کو کھلا نہ چھوڑیں – بیسن بھر لیں یا ٹوٹیوں کو صرف ضرورت کے وقت کھولیں۔

اضافی گرم پانی سے متعلق تجاویز

- بجلی والے شاور با آسانی اتنے پانی کا استعمال کر سکتے ہیں جتنا کہ غسل کرنے میں استعمال ہوتا ہے – پانی کے استعمال میں کمی کرنے کے لئے جھاگ بنانے والے یا کم بہاؤ والے شاور پر غور کریں۔
- اگر آپ کے پاس گرم پانی کا ٹینک ہے، تو آپ کوشش کریں کہ اپنے پروگرامر کو ایسے سیٹ کریں کہ وہ دن میں ان اوقات سے جن میں آپ گرم پانی کا استعمال کرتے ہیں اچھی طرح مماثل ہو، تاکہ ضرورت نہ ہونے پر آپ کو گرم پانی ملنے کا امکان کم ہو۔

دالان میں

- سامنے کے دروازے کے ارد گرد، لیٹر باکس اور کنجی کی سوراخ کے اوپر ڈرافٹ ایکسکلوڈرز فٹ کریں۔
- سامنے کے دروازے کے اوپر ایک پردہ ڈال دینے سے ڈرافٹس کو باہر رکھنے میں مدد ملتی ہے۔
- سبھی کمروں کو گرم رکھنے کے لئے تمام دروازوں کو بند کرنے کی عادت ڈالیں۔
- دالان کی بتیوں کا سب سے زیادہ استعمال ہوتا ہے – لہذا یہاں ایل ای ڈی بلب لگاکر تقریبا £2 تا £6 سالانہ بچایا جا سکتا ہے۔

Greener Scotland
Scottish Government

delivered for Scotland by
energy saving trust

HOMEENERGYSCOTLAND.ORG
0808 808 2282
FUNDED BY THE SCOTTISH GOVERNMENT



بیٹھک میں

- کمرے میں حرارت رکھنے کے لئے شام کے وقت پردے گرادیں۔
- استعمال نہ ہونے پر چیزوں کو چالو یا اسٹینڈ بائی پر چھوڑ کر مت جائیں (اس سے سالانہ £30 کی بچت ہو سکتی ہے)۔
- ٹیلیویژن کو ساکٹ سے آف کرنے کی عادت ڈالیں نہ کہ اسٹینڈ بائی پر چھوڑنے کی۔ آپ مینز کنٹرولرز خرید سکتے ہیں جو یہ کام ریموٹ کنٹرول کے ذریعہ کرتے ہیں۔

کھانے کے کمرے میں

- اگر آپ کھانے کے کمرے کا زیادہ استعمال نہیں کرتے ہیں تو اس بات کو یقینی بنائیں کہ آپ کا ریڈی ایٹر کمترین سطح پر سیٹ ہو۔
- یہ نہ بھولیں کہ آپ کے مہمانوں کے ہونے پر کھانے کا کمرہ گرم ہو جائے گا۔
- زیادہ کیٹرنگ نہ کریں؛ ضائع شدہ کھانا کاربن ڈائی آکسائیڈ کے اخراج میں خاطر خواہ کردار ادا کرتا ہے اور آپ کے پیسے بھی خرچ ہوتے ہیں!

سونے کے کمرے میں

- اپنے ہیئر ڈرائر کے استعمال میں کمی کرنے کے لئے اپنے بالوں کو اچھی طرح تولیہ سے خشک کریں۔
- بجلی کے کمبل کی بجائے، بستر گرم کرنے کے لئے گرم پانی کی بوتل کا استعمال کریں۔
- اپنے فون کو پوری رات چارج ہونے کے لئے نہ چھوڑیں – اس کے لئے چند ہی گھنٹے درکار ہوتے ہیں۔
- موسم سرما میں، بستر پر جانے سے پہلے ہیٹر کو تھوڑی دیر میں سوئچ آف پر سیٹ کردیں – اس طرح وہ آپ کے پوری طرح ڈھک جانے کے بعد غیر ضروری طور پر آن نہیں رہے گا۔
- اپنے ہیٹر کو جاگنے سے تھوڑی دیر پہلے کے لئے آن پر سیٹ کریں مگر اس طرح کہ وہ آپ کے جانے سے پہلے ہی دوبارہ بند ہو جائے۔

بچوں کے سونے کے کمروں میں

- ٹی وی، ڈی وی ڈی پلیئر، کمپیوٹر اور PS4 سبھی کو چلانے میں سالانہ £60 خرچ ہوں گے - لیکن اگر انہیں استعمال نہ ہونے کی صورت میں ہمیشہ چالو حالت میں چھوڑا جائے تو یہ بہت زیادہ ہو سکتا ہے۔
- سوئچ تک رسائی کو آسان بنا کر آلات کو ساکٹ سے آف کرنے کے لئے اپنے بچوں کی حوصلہ افزائی کریں۔
- اگر آپ کے بچوں کو رات میں لائٹ کی ضرورت ہے تو اس بات کو یقینی بنائیں کہ کم توانائی والا بلب ہو– کمترین واٹ کا کافی ہونا چاہئے۔
- اگر آپ ایک نیا کمپیوٹر خریدنے کے بارے میں سوچ رہے ہیں، تو جان لیں کہ پرانے ڈیسک ٹاپ کمپیوٹر کے مقابلہ ایک نیا لیپ ٹاپ عام طور پر سالانہ £17 کی توانائی بچاتا ہے (اور کم جگہ بھی لیتا ہے)۔

بجلی کی اوسط معیاری قیمت 14.37p / kWh پر مبنی۔
جون 2017 تک درست۔

توانائی کی قیمتوں کو لے کر نہ الجھیں۔ ایسا کرنے پر مجبور نہیں کیا جا سکتا۔

اسکاٹ لینڈ میں Energy Saving Trust موسم کی تبدیلی کا مقابلہ کرنے اور توانائی اور پیسے بچانے میں آپ کی مدد کرنے کے لئے مفت غیر جانبدارانہ مشورہ فراہم کرنے کے لئے حکومت اسکاٹ لینڈ کی طرف سے مالی تعاون یافتہ ہے۔

یہ جاننے کے لئے کہ آپ آج کیا کر سکتے ہیں، ہماری ویب سائٹ energysavingtrust.org.uk/scotland ملاحظہ کریں یا اپنے مقامی Home Energy Scotland ایڈوائزر کو کال کریں۔

ہمارے مشیرین:

- آپ کو آپ کے گھر کے لئے عملا جو مناسب ہے اس کے بارے میں ذاتی طور سے مشورہ دیں گے
- آپ کے علاقے میں دستیاب آفرز کے بارے میں آپ کو بتائیں گے۔

مدد کے لئے ہم یہاں موجود ہیں – 0808 808 2282 پر مفت کال کریں

Energy Saving Trust
2nd Floor
Ocean Point 1
94 Ocean Drive,
Edinburgh, EH6 6JH

SC191 © Energy Saving Trust
energysavingtrust.org.uk
جون 2017
Urdu
E&OE

HAPPY TO TRANSLATE

Home Energy Scotland کا مالی تعاون اسکاٹش گورنمنٹ کرتی ہے اور اس کا انتظام و انصرام Energy Saving Trust کے ذریعہ کیا جاتا ہے۔ ای ایس ٹی لمیٹڈ۔ انگلینڈ اور ویلش میں رجسٹرڈ نمبر 02622374 ہے۔
طلب کرنے پر یہ معلومات بڑے پرنٹ، بریل یا دیگر زبانوں میں دستیاب ہے۔